58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## فونسیکاایڈیلیڈمیں نہیں کھیل سکیں گے

برازیل کے کم عمر ٹینس کھلاڑی جوآؤ فونسیکا نے ہفتے کے روز کمر کے درد کے باعث مسلسل دوسرے ٹورنامنٹ سے دستبرداری اختیار کرلی، جس سے آسٹریلین اوپن کی تیاری پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔عالمی درجہ بندی میں ۲۹ویں نمبر پر موجود فونسیکا، جنہوں نے گزشتہ سیزن میں باسل اور بیونس آئرس میں خطابات جیتے تھے، آئندہ ہفتے ہونے والے ایڈیلیڈ۔(تفصیلات اندر)



## میدویدیف خطاب سے دوقدم دور

میدویدیف جمعہ کو ست آغاز سے سنبھلتے ہوئے برسبین انٹرنیشنل میں خطاب کی دوڑ میں برقرار رہے۔ٹاپ سیڈ کھلاڑی کو ابتدا میں پہلے سیٹ میں کئی لوزر کائل ماٹزچزاک کے ہاتھوں پیچھے ہونا پڑا، تاہم انہوں نے زیادہ جارحانہ انداز اختیار کرتے ہوئے ۶-۷(۴)، ۶-۳، ۶-۲ سے فتح حاصل کی اور سیمی فائنل میں جگہ یقینی کرلی۔(تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 10 | صفحات : 08 | ۱۱جنوری ۲۰۲۶بروزاتوار بمطابق ۲۱رجب ۱۴۴۷ | Sunday 11th January 2026 | جلد نمبر 58

## 20 جنوری تک بھاری یا ہلکی برف باری کے امکانات نہیں

### رات کے دوران جھیل ڈل کے کنارے اور گھروں میں نل جم رہے ہیں

سرینگر/ جے کے این ایس/ موسمیاتی ماہرین کی پیشگوئی کے عین مطابق جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی رات بھی سری نگرسمیت پوری وادی میں شبانہ سردیوں کا زور برقرار رہا جبکہ شوپیاں، پلوامہ، پہلگام، سوپور، اننت ناگ، گلمرگ، اونتی پورہ، سونمرگ، اور رفیع آباد منفی 6 تا منفی 8 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت کیساتھ سردترین مقامات تھے۔اس دوران رات بھر کی شدید سردی کے باعث ہفتہ کی صبح کئی علاقوں میں پانی کے نل اور مشہور زمانہ جھیل ڈل کے کچھ حصے منجمد پائے گئے۔جبکہ حالیہ کچھ دنوں کی طرح ہی ہفتہ کو بھی پورے کشمیر میں آسمان صاف رہنے کے بیچ دن بھر سورج چمکتا رہا۔اُدھر موسمیاتی مرکز سری نگر نے مستقبل قریب میں موسم میں کسی بڑی تبدیلی کے امکان کو خارج کرتے ہوئے کہا کہ 21 جنوری کو مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کے بعد 22 اور 23 جنوری کو الگ تھلگ اونچی جگہوں پر ہلکی برف متوقع ہے۔/1




## غیر رجسٹرڈ ہوٹلوں، گیسٹ ہاؤسز اور ہوم اسٹیز کے خلاف کارروائی

### قواعد کی سنگین خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا اور مالکان کے خلاف کیس درج/ پولیس

سرینگر/ یواین آئی/ سرینگر پولیس نے ٹورسٹ پولیس اسٹیشن کی معاونت سے شہر بھر میں سیاحتی رہائش گاہوں کی جامع جانچ مہم کے دوران کئی غیر رجسٹرڈ ہوم اسٹیز اور ہوٹلوں کو بے ضابطگیوں کا مرتکب پایا اور ان کے خلاف موقع پر ہی کارروائی عمل میں لائی۔اس خصوصی مہم کا مقصد سیاحتی صنعت کو ضابطہ بند کرنا، غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور سیاحوں کی سلامتی کو یقینی بنانا بتایا گیا ہے۔پولیس کے مطابق معائنے کے دوران متعدد ادارے بغیر سرکاری اجازت نامے اور لازمی رجسٹریشن کے چلائے جا رہے تھے۔ان میں شہر کے مختلف حصوں میں واقع کئی ہوٹل اور ہوم اسٹیز شامل ہیں جنہیں قواعد کی سنگین خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا اور مالکان کے خلاف بی این ایس کی دفعات 126 اور 170 کے تحت کارروائی شروع کی جارہی ہے۔ایک سینئر پولیس افسر نے بتایا کہ غیر رجسٹرڈ رہائش گاہیں نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہیں بلکہ/2

# بھارت کو ''ڈرگ فری نیشن'' بنانے کا عزم/ امیت شاہ


## منشیات کے خاتمے کیلئے 31 مارچ 2026ء سے تین سالہ قومی مہم شروع کی جائے گی

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں منشیات کے خاتمے کے لیے 31 مارچ 2026 سے تین سالہ قومی مہم شروع کی جائے گی، جس کا مقصد بھارت کو ''ڈرگ فری نیشن'' بنانا ہے۔انہوں نے جمعہ کو دہلی کے وگیان بھون میں منعقدہ نارکو کوآرڈی نیشن سینٹر کے نویں اپیکس لیول اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے خلاف یہ لڑائی صرف ایک حکومتی پروگرام نہیں بلکہ ایک اجتماعی مشن ہے جس میں تمام ریاستوں، مرکزی اداروں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کا بھرپور اشتراک ضروری ہے۔امیت شاہ نے واضح کیا کہ اس مہم میں ایک منظّم ورکنگ میکانزم تیار کیا جائے گا، اہداف مقرر کیے جائیں گے، اور باقاعدہ وقت بند جائزے لیے جائیں گے تاکہ ملک میں منشیات کے پھیلاؤ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ مہم اسی تاریخ سے شروع ہوگی جس دن نکسلزم کے خاتمے کی ان کی مقررہ ڈیڈلائن پوری ہورہی ہے، اور اس کے فوراً بعد ملک کی توجہ منشیات کے مکمل خاتمے پر مرکوز ہوگی۔وزیرِ داخلہ نے اجلاس کے دوران امرتسر میں نارکوٹکس کنٹرول بیورو کے نئے دفتر کا ورچوئل افتتاح بھی کیا۔مختلف مرکزی وزارتوں، ریاستی حکومتوں اور انسدادِ منشیات ایجنسیوں کے نمائندوں نے اس اجلاس میں شرکت کی، جہاں ملک گیر سطح پر منشیات کے خلاف کارروائی میں مزید ہم آہنگی پیدا کرنے پر زور دیا گیا۔اپنے خطاب میں امیت شاہ نے کہا کہ ہندوستان نے گزشتہ گیارہ برسوں میں انسدادِ منشیات کی جنگ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 2014 سے 2025 تک مختلف کارروائیوں میں 1.11 لاکھ کلوگرام منشیات ضبط کی گئی جن کی مالیت 1.71 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہے، جو پچھلے دور کی نسبت گیارہ گنا زیادہ ہے۔ اسی عرصے کے دوران پوست کی کاشت کا بڑا حصہ بھی تباہ کیا گیا اور منشیات کی اسمگلنگ کی سپلائی چین پر گہری ضرب لگائی گئی۔انہوں نے کہا کہ منشیات کا چیلنج محض قانون و انتظامی مسئلہ نہیں ہے بلکہ نارکو ٹیرر سے وابستہ ایک خطرناک سازش بھی ہے، جس کا مقصد بھارت کی نوجوان نسل کو ذہنی، جسمانی اور سماجی طور پر کمزور بنانا ہے۔امیت شاہ نے زور دیا کہ منشیات بنانے اور فروخت کرنے والوں کے لیے " کوئی رحم نہیں" جبکہ متاثرہ نوجوانوں کے لیے حکومتی پالیسی میں انسانی ہمدردی اور بحالی کو اولین ترجیح دی جائے گی۔وزیرِ داخلہ نے وزیرِ اعظم نریندر مودی کے 2047 کے وژن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آزادی کی صدسالہ تقریب کے موقع پر بھارت کو/4



## ترقی یافتہ ہندوستان کی طرف ملک کے سفر کا اہم محرک نوجوان ہیں/ راج ناتھ

### 78 نوجوان اور پرجوش لوگوں سے ملاقات کے دوران خطاب



نئی دہلی/ یواین آئی/ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ نوجوان ترقی یافتہ ہندوستان کی طرف ملک کے سفر کے اہم محرک ہیں۔سنگھ نے یہ بات ہفتہ کو یہاں دہلی چھاؤنی میں ایک پروگرام میں اتر پردیش کے 78 نوجوان اور پرجوش لوگوں سے ملاقات کے دوران کہی۔انہوں نے کہا، "ترقی یافتہ ہندوستان کی طرف ملک کے سفر کے اہم محرک نوجوان ہیں۔" یہ دستہ 10 سے 12 جنوری تک وزارت برائے امورنوجوانان اور کھیل کی طرف سے یہاں منعقد ہونے والے ترقی یافتہ انڈیا ینگ لیڈرز ڈائیلاگ میں حصہ لینے والے نوجوانوں میں سے ہے۔سنگھ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تیز رفتار تکنیکی ترقی کے ساتھ اپ ڈیٹ رہنے کے لیے کثیرالشعبہ تعلیم حاصل کریں، خاص طور پر مصنوعی ذہانت، کوانٹم کمپیوٹنگ، بایوٹیکنالوجی، اور خلائی تحقیق جیسے/3

## فوج کی شمالی کمان کے سربراہ کا لائن آف کنٹرول کا دورہ

سرینگر/ یواین آئی/ فوج کی شمالی کمان کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے ہفتے کے روز شمالی کشمیر میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر سکیورٹی کی مجموعی صورتحال، انسدادِ دراندازی گرڈ اور بالائی علاقوں میں تربیتی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ان کے اس دورے کا مقصد بدلتے ہوئے سکیورٹی ماحول میں فوجی تیاریوں کو مزید مضبوط کرنا اور انسدادِ دراندازی کی حکمتِ عملی کو مؤثر بنانا تھا۔فوج کی شمالی کمان نے ایک بیان میں بتایا کہ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما کو ایل او سی کے مختلف حساس مقامات پر انسدادِ دراندازی اقدامات، تازہ سکیورٹی چیلنجز، نگرانی کے نظام اور سرحدی چوکسی سے متعلق جامع بریفنگ دی گئی۔انہیں بتایا گیا کہ رواں موسم سرما میں دراندازی کے خدشات کے پیشِ نظر اضافی سکیورٹی لیئرز، جدید آلات کے استعمال اور مشترکہ انٹیلی جنس میکانزم کو مضبوط بنایا گیا ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا بروقت اور مؤثر جواب دیا جاسکے۔

## پیروں میں لگی انگوٹھیاں اور پروں پر مہر نما نشانات والا کبوتر

### ایک بچے کے ہاتھ میں آیا پرندہ پولیس کی تحویل میں زیرِ تفتیش

جموں/ یواین آئی/ جموں کے اکھنور سیکٹر میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے قریب اس وقت حیرت کی لہر دوڑ گئی جب ایک مشتبہ کبوتر کو سرحدی گاؤں کھڑہ میں مقامی بچے نے پکڑ لیا۔حکام کے مطابق، کبوتر کے پیروں میں لگی انگوٹھیاں اور پروں پر موجود مہر نما نشانات نے معاملے کو مزید حساس بنادیا ہے، جس کے بعد سکیورٹی اداروں نے اس کی تفتیش شروع کردی ہے۔ذرائع نے بتایا کہ 13 سالہ آریَن نامی لڑکے نے صبح کے وقت ایک کبوتری رنگ کا پرندہ پکڑا، جس کے دونوں پروں پر سیاہ پٹیاں اور پیروں میں سرخ و زرد رنگ کی دو انگوٹھیاں لگی ہوئی تھیں۔ان انگوٹھیوں پر 'رحمت سرکار' رضوان 2025 کے الفاظ درج تھے، جن کے ساتھ کچھ نمبرز بھی تحریر تھے۔حکام کے مطابق یہ نشانات اسے مشتبہ بناتے ہیں کیونکہ ماضی میں بھی سرحدی علاقوں سے اس نوعیت کے کبوتروں کی برآمدگی کے بعد انٹیلی جنس ایجنسیوں نے کئی پہلوؤں کی جانچ کی تھی۔ذرائع نے مزید بتایا کہ کبوتر کے پروں پر مخصوص اسٹیمپنگ بھی پائی گئی ہے، جو ممکنہ/5

## ما گام میں ATM کارڈ بدل کر کھاتے سے رقم اُڑانے والا گرفتار

### ایک اجنبی شخص کو ATM استعمال کرنے میں مدد کے نام پر دھوکہ دیا گیا

سرینگر/ یو این آئی/ بڈگام پولیس نے ایک نہایت چالاک اے ٹی ایم فراڈ کیس کو چند ہی دنوں میں حل کرتے ہوئے اس شخص کو گرفتار کرلیا ہے جو ما گام میں ایک شہری کا اے ٹی ایم کارڈ بدل کر اس کے کھاتے سے رقم نکالنے میں ملوث تھا۔پولیس کے مطابق غلام احمد بٹ، ساکن پرے پورہ ما گام نے ایک تحریری شکایت درج کرائی تھی کہ جے کے بینک کی مرکزی شاخ کے اے ٹی ایم میں ایک اجنبی شخص نے مدد کرنے کے بہانے ان کا کارڈ حاصل کیا اور بڑی مہارت سے اسے بدل دیا۔متاثرہ شخص کو اس وقت حقیقت کا علم ہوا جب ان کے کھاتے سے غیر مجاز رقم نکلنے کی اطلاع ملی۔شکایت درج ہونے کے ساتھ ہی پولیس نے/7

## کھڑکی توڑ کر سوپور کی بیکری شاپ کا چور پکڑا گیا

### گرفتاری سے بچنے کی ملزم کی کوششیں ناکام بنادی گئیں/ پولیس

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے شمالی قصبہ سوپور میں چوری کے ایک معاملے کو حل کرکے اس میں ملوث ملزم کو گرفتار کیا ہے اور مسروقہ نقدی رقم کو برآمد کیا ہے۔ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن سوپور کو ایک بیکری شاپ کے مالک کی طرف سے ایک شکایت موصول ہوئی جس میں بتایا گیا کہ شاہ فیصل مارکیٹ سوپور میں واقع ان کی دکان ' کیک ولا ' سے نقدی رقم اور بیکری کا سامان چوری کر لیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ شکایت کے مطابق نامعلوم چور نے رات کے وقت دکان کی کھڑکی توڑ کر واردات انجام دی ہے۔ان کا کہنا ہے کہ اس سلسلے میں بھارتیہ نیائے سنہتا (بی این ایس) کے متعلقہ/10

## ملزم کے گھر سے پستول، ایک میگزین اور تین زندہ کارتوس برآمد/ پولیس

### جموں پولیس کی بڑی کارروائی، ہائی پروفائل مقدمے میں ایک اور ملزم گرفتار

جموں/ یو این آئی/ جموں پولیس نے پولیس اسٹیشن گاندھی نگر میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ایک ہائی پروفائل مقدمے میں ایک اور ملزم کو گرفتار کرکے اہم کامیابی حاصل کی ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ اس کیس میں بین ضلعی، بین ریاستی اور سرحد پار منشیات و اسلحہ نیٹ ورک کے انکشافات سامنے آئے ہیں جو ایک گہری، مسلسل اور پیشہ ورانہ تفتیش کا نتیجہ ہے۔ایک پولیس ترجمان نے تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا کہ جموں پولیس (ساؤتھ زون) نے پولیس اسٹیشن گاندھی نگر میں این ڈی پی ایس ایکٹ کے متعلقہ دفعات اور بی این ایس کی دفعہ 111 کے تحت درج ایک ہائی پروفائل مقدمہ زیر ایف آئی آر نمبر 249/2025 میں ایک اور کامیابی حاصل کی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کیس میں بین ضلعی، بین ریاستی اور سرحد پار منشیات واسلحہ نیٹ ورک کے انکشافات سامنے آئے ہیں جو ایک گہری، مسلسل اور پیشہ ورانہ تفتیش کا نتیجہ ہے۔ان کا کہنا ہے کہ 14 نومبر 2025 کو پولیس اسٹیشن گاندھی نگر نے گشت کے دوران دو افراد کو گرفتار کرنے کے بعد مذکورہ ایف آئی آر درج کی تھی جس کے بعد ایک منظّم نارکو ٹیرر ماڈیول بے نقاب ہوا اور تفتیش کے دوران متعدد ملزموں کو گرفتار کیا گیا جن میں منشیات فروش، مالیاتی ہینڈلرز اور جیل میں موجود/6

## انڈس واٹر ٹریٹی نے ہمیں بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا/ وزیراعلیٰ

### معاہدے نے دہائیوں تک جموں وکشمیر کے آبی وسائل کے جائز استعمال کو محدود کیے رکھا



سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے انڈس واٹر ٹریٹی کو ریاست کیلئے ''طویل المدتی نقصان دہ'' قرار دیتے ہوئے اس کے تعطل کا خیرمقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے نے دہائیوں تک جموں و کشمیر کے آبی وسائل کے جائز استعمال کو محدود کیے رکھا۔امرتسر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ وہ ابتدا سے ہی اس معاہدے کے مخالف تھے۔ان کے مطابق یہ ٹریٹی جموں وکشمیر کے مفاد کے خلاف ثابت ہوئی اور ریاست کو اپنے قدرتی وسائل سے مکمل طور پر استفادہ کرنے سے روکتی رہی۔انہوں نے کہا، ''انڈس واٹر ٹریٹی نے ہمیں بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا۔ یہ خوش آئند بات ہے کہ اسے معطل کردیا گیا ہے۔اب ضروری ہے کہ ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے یہاں کا پانی یہاں کے لوگوں کیلئے استعمال ہو سکے۔'' واضح رہے کہ گزشتہ سال اپریل 2025 میں پہلگام میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے ــــ جس میں 26 افراد، جن میں زیادہ تعداد سیاحوں کی تھی، جاں بحق ہوئے ــــ کے بعد مرکزی حکومت نے پاکستان کے ساتھ انڈس واٹر ٹریٹی/8

## ڈرون سے ملتی جلتی شے کے پانے پر جموں گاوں میں سنسنی

### پولیس نے موقعہ پر گھیراو کرکے ''ڈرون'' کو قبضہ میں لے لیا

جموں/ یواین آئی/ جموں کے گورکھا نگر علاقے میں اس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب مقامی رہائشیوں نے ایک نالے کے قریب مشتبہ ڈرون نما شے دیکھی۔واقعہ سنیچر کی صبح پیش آیا، جس کے بعد علاقے میں سکیورٹی الرٹ جاری کردیا گیا اور پولیس کی متعدد ٹیمیں جائے موقعہ پر پہنچ گئیں۔ذرائع کے مطابق، مقامی لوگوں نے نالے کے کنارے ایک مشکوک شے دیکھتے ہی فوری طور پر پولیس اسٹیشن باغِ بہو کو اطلاع دی۔اطلاع ملتے ہی پولیس کی ٹیمیں علاقے میں پہنچیں اور پورے مقام کو گھیرے میں لے کر مشتبہ ڈرون/11

## اونتی پورہ میں فتح کدل اور اننت ناگ کے دو افراد گرفتار/ حکام

### تلاشی کے دوران ان کی تحویل سے تقریباً 650 گرام بھنگ چورا برآمد

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے جنوبی کشمیر کے اونتی پورہ میں دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن اونتی پورہ کی ایک پارٹی نے پڈگام پورہ میں سی آر پی ایف کیمپ کے نزدیک ایک ناکہ چیکنگ کے دوران دو منشیات فروشوں کو دھر لیا۔انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران ان کی تحویل سے تقریباً 650 گرام بھنگ چورا برآمد کیا گیا جس کے بعد دونوں کو برسرموقع ہی گرفتار کیا گیا۔ملزموں کی شناخت محاصف وانی ولد مسرت وانی ساکن فتح کدل سری نگر اور ساحل کھوکھر ولد محمد اشرف ساکن پندوبل کوکرناگ کے طور پر کی گئی ہے۔

## سینٹرو گاڑی کی جانچ پڑتال

### چرس ''برآمد''، ڈرائیور گرفتار

سرینگر/ یو این آئی/ بڈگام پولیس نے ضلع میں منشیات کی روک تھام کے سلسلے میں جاری کارروائیوں کے دوران دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ممنوعہ نشیلی اشیاء برآمد کی ہے۔پولیس نے بتایا کہ اومپورہ ریلوے فلائی اوور کے قریب معمول کی جانچ کے دوران ایک سینٹرو گاڑی کو روکا گیا۔گاڑی میں سوار دو افراد بلال احمد خان ولد عبدالمجید خان ساکن باٹھار بڈگام اور ارشاد احمد کوچھے ولد غلام محمد کوچے ساکن منہ پپائی کے قبضے سے ہیروئن اور چرس نما ممنوعہ مادہ برآمد کرکے ضبط کیا گیا۔

## سانبہ کے گاؤں میں مشکوک پیکٹ کی برآمدگی پر بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن

### پیکٹ سے اسلحہ، گولیاں اور ممکنہ طور پر استعمال کے لیے تیار دیگر مواد برآمد ہوا ہے

جموں/ یواین آئی/ بین الاقوامی سرحد کے قریب واقع ضلع سانبہ کے پلوڑہ گاؤں میں اس وقت سنسنی پھیل گئی جب بارڈر سکیورٹی فورس نے ایک مشکوک پیکٹ برآمد کیا جس میں اسلحہ اور گولہ بارود موجود تھا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی بی ایس ایف نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ایک وسیع اور منظّم تلاشی کارروائی شروع کردی . ذرائع کے مطابق، یہ مشکوک پیکٹ سرحد سے متصل ایک جھاڑی والے مقام کے قریب ملا، جسے دیکھتے ہی اہلکاروں نے اسے محفوظ طریقے سے قبضے میں لے لیا اور فوری طور پر تکنیکی جانچ کے لیے بھیج دیا۔ابتدائی معائنہ میں پیکٹ سے اسلحہ، گولیاں اور ممکنہ طور پر استعمال کے لیے تیار دیگر مواد برآمد ہوا ہے، تاہم مکمل تفصیلات فارنزک جانچ کے بعد سامنے آئیں گی۔بی ایس ایف افسران نے بتایا کہ پیکٹ کی پیکنگ اور اس کی جگہ بندی سے یہ خدشہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسے ڈرون ڈلیوری کے ذریعے سرحد پار سے پھینکا گیا ہوسکتا ہے، جیسا کہ حالیہ مہینوں میں جموں خطے کے متعدد حساس اضلاع میں دیکھنے میں آیا ہے۔سانبہ، کٹھوعہ اور ارنیا سیکٹر میں پچھلے ایک سال کے دوران کئی بار ڈرون کے ذریعے اسلحہ، منشیات اور پیسوں کی اسمگلنگ کے واقعات سامنے آچکے ہیں، جن کے خلاف بی ایس ایف مسلسل آپریشن چلا رہی ہے۔مقامی لوگوں کے مطابق، گزشتہ رات دیر گئے علاقے میں کچھ غیر معمولی آوازیں سنائی دی تھیں، جس کے بعد یہ شبہ بڑھ گیا کہ مذکورہ پیکٹ رات کے اندھیرے میں کسی بیرونی ذریعے/9

## نشیلی جان لیوا ادویات کے استعمال میں تشویش ناک اضافہ

### منشیات سے چھٹکارا دلانے کیلئے عادی لوگوں کیلئے ٹاسک فورس

سرینگر/ جموں وکشمیر میں منشیات اور نشہ آور ادویات کی لت کے خطرناک رُجحان کے بیچ حکومت نے منشیات کے عادی متاثرین کی بحالی پر ایک ٹاسک فورس تشکیل دی ہے، جس میں انتظامی سکریٹری محکمہ صحت اور طبی تعلیم اور انتظامی سکریٹری، محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج بھی بطور ممبران کے شامل ہوں گے۔جے کے این ایس کے مطابق کمشنر سکریٹری برائے گورنمنٹ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ ایم راجو (آئی اے ایس) کی جانب سے 7 جنوری 2026ء کو جاری کردہ ایک گورنمنٹ آرڈر نمبر زیر نمبر 28-JK(GAD) آف 2026 بعنوان 'منشیات کے استعمال کے متاثرین کی بحالی پر ٹاسک فورس کی تشکیل'/12

